سندھ کی موجودہ صورتحال کے بارے میں جئے سندھ متحدہ محاذ کے چیئرمین شفیع محمد برفت کے خیالات کا

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے زبردست خیرمقدم

لندن۔۔۔4 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد اشفاق، جاوید کاظمی اور آصف صدیقی نے سندھ کی موجودہ صورتحال کے بارے میں جئے سندھ متحدہ محاذ کے چیئرمین شفیع محمد برفت کے خیالات کا زبردست خیرمقدم کیا ہے اورانہیں وقت کی ضرورت قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سندھ کی دھرتی آج جس قسم کی نازک صورتحال سے دوچار ہے اوراسے چاروں طرف سے طالبان اور دیگر سندھ دشمن عناصر کی سازشوں کا سامنا ہے اس کے پیش نظر سندھ دھرتی کے بیٹوں کا فرض ہے کہ وہ سندھ دھرتی کے حقوق کے تحفظ کیلئے ڈٹ جائیں۔اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شفیع محمد برفت نے سندھ دھرتی کے حالات کے بارے میں جن جراتمندانہ اورحقیقت پسندانہ خیالات کا اظہار کیا ہے اس پر سندھ کے تمام حلالی بیٹے جوخود کوسندھ کا سچا بیٹا تصور کرتے ہیں وہ شفیع محمد برفت کوخراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

ایم کیوایم لیبرڈویژن یونٹ سندھ گورنمنٹ پریس کے کارکن کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔04دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبرڈویژن یونٹ سندھ گورنمنٹ پریس کے کارکن قربان علی شیخ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا۔ایک تعزیتی بیان میں الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی مرحوم کو اپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

ایم کیو لیبرڈویژن کے کارکن اورایم کیوایم لائنزایریا سیکٹر یونٹ 197 کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔04دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبرڈویژن یونٹ سندھ گورنمنٹ پریس کے کارکن قربان علی شیخ اورایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے کارکن سیداحسان علی کی والدہ کے انتقال پرانتہائی رنج وغم کا اظہار کیا۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت کراچی کے امن کوتباہ کیا جارہا ہے،طاہرکھوکھر

آزادکشمیراسمبلی سٹی ناظم کراچی کودنیا کے تین بہترین میئرزمیں شامل ہونے پرمبارکباد پیش کرتی ہے

مظفرآباد۔۔۔(نمائندہ امن)۔۔۔آزادکشمیر کے قانون سازاسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈراورایم ایل اے طاہرکھوکھر نے آج آزادکشمیراسمبلی میں دوالگ الگ قرارداد پیش کیں جنھیں آزادکشمیراسمبلی نے متفقہ طورپرمنظورکرلیا۔پہلی قرارداد میں طاہرکھوکھر نے سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کومغربی جریدے ''فارن پالیسی'' کے سروے کے مطابق دنیا کے تین بہترین میئرزمیں شامل ہونے پرمبارکباد پیش کی۔اس موقع پر طاہرکھوکھر نے کہا کہ یہ ایوان متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کوخراج تحسین پیش کرتا ہے کہ انہوں نے سٹی ناظم کراچی کیلئے ایک ایسے شخص کا انتخاب کیا جس نے کراچی کی تعمیروترقی اوعوام کی بے لوث خدمت کواپنا شعار بنایا۔ایک دوسری قرارداد پیش کرتے ہوئے طاہرکھوکھر نے کہا کہ یہ ایوان بھارت کے شہرممبئی میں ہونے والے دہشتگردی کے واقعات کوانتہائی وحشیانہ قرار دیتے ہوئے معصوم جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ایوان کراچی میں حالیہ دہشتگردی کے واقعات پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتا ہے،بعض ملک دشمن عناصرکراچی کی تعمیروترقی سے خائف ہیں اوروہ کراچی میں امن دیکھنانہیں چاہتے ہیں اورایک سوچی سمجھی سازش کے تحت کراچی کے امن کوتباہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ایوان کراچی میں حالیہ واقعات میں شہید ہونے والے لواحقین سے تعزیت بھی کرتا ہے اورزخمیوں کی جلدصحتیابی کی دعا کرتا ہے۔بعدازاں پیش کی جانے والی دونوں قرارداد کو آزادکشمیراسمبلی نے کومتفقہ طورپرمنظورکرلیا۔

☆☆☆☆☆